# سندھ ایکٹ نمبر XXIX مجریہ 2015

# SINDH ACT NO.XXIX OF 2015

# سندھ کمزور اسٹبلشمنٹس کا سیکیورٹی ایکٹ، 2015

# THE SINDH SECURITY OF VULNERABLE ESTABLISHMENTS ACT, 2015.

## (CONTENTS) فہرست


تمہید

Preamble

دفعات

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short title, extent and commencement

2. تعریف

Definitions

3. سیکیورٹی ایڈوائیزری کمیٹی

Security Advisory Committee

4. کمیٹی کے کام

Functions of the Committee

5. کمزور اسٹبلیشمنٹس

Vulnerable Establishment

6. کمیٹی کی جانب سے مشورہ

Advice by the Committee.

7. کمزور اسٹبلیشمنٹس کی سیکیورٹی

Security of vulnerable Establishment.

8. عوامی مقامات پر سیکیورٹی

Security of public places

9. اسٹیشن ہاؤس آفیسر کی جانب سے جانچ پڑتال

Inspection by station House Officer.

10. وارننگ

Warning

11. کمزور اسٹبلیشمنٹس کی سیلنگ

Sealing of the vulnerable Establishment.

12. اپیل

Appeal

13. گواہی فراہم کرنے کئے لیئے مینجر

Manager to provide evidence

14. جرمانہ

Penalty

15. ازالہ اور سمری ٹرائل

Cognizance and summary trial

16. دائرہ اختیار پر پابندی

Bar of Jurisdiction

17. دیگر قوانین کے اضافی

In addition to other Laws

18. قواعد بنانے کے اختیار

Power to make rules.

19. زیر اثر اثرات

Over-riding effect.

# سندھ ایکٹ نمبر XXIX مجریہ 2015

# SINDH ACT NO.XXIX OF 2015

# سندھ کمزور اسٹیبلشمنٹس کا سیکیورٹی ایکٹ، 2015

# THE SINDH SECURITY OF VULNERABLE ESTABLISHMENTS ACT, 2015.

[01 جون، 2015]

ایکٹ، جس کے ذریعے سندھ کمزور اسٹیبلشمنٹس کو موثر سیکیورٹی فراہم کی جائیگی۔

تمہید
Preamble

جیسا کہ دہشتگردی اور دیگر جرائم کو بچانے کے لیئے کمزور اسٹیبلشمنٹس کی سیکیورٹی کے لیئے انتظام کرنا ضروری ہو گیا ہے، تاکہ جیسے جدید جانچ کے لیئے ڈوائیسز کے استعمال سے گواہی حاصل کی جاسکے اور جرائم کی پراسیکیوشن کی جاسکے اور منسلک معاملات کا سامنا کیا جاسکے۔

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائیگا۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title, Extent And Commencement

1. (1) اس ایکٹ کو سندھ کمزور اسٹیبلشمنٹس کی سیکیورٹی ایکٹ، ۲۰۱۵ کہا جائیگا۔

(2) اس کی پورے صوبہ سندھ تک توسیع کی جائیگی۔

(3) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

تعریف
Definitions

2. اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضامین اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک؛

(a)''کوڈ'' سے مراد کوڈ کرمنل پروسیجر 1898 (1898 کا ایکٹ V)؛

(b) ''کمیٹی'' سے مراد اس آرڈیننس کی دفعہ ۳ کے تحت بنائی گئی سیکیورٹی ایڈوائیزری کمیٹی؛

(c) ''ڈپٹی کمشنر'' سے مراد ضلعے کا ڈپٹی کمشنر؛

(d)''حکومت'' سے مراد سندھ حکومت؛

(e)''ضلعے پولیس کا سربراہ'' سے مراد ضلعے میں سینیئر سپرنٹینڈنٹ آف پولیس؛

(f)''مینجر'' سے مراد کمزور اسٹیبلشمنٹ کا مالک یا قبضہ رکھنے والا اور جس میں شامل ہے وہ شخص جو کمزور اسٹیبلشمنٹ کو سنبھالنے کے لیئے مالک یا قبضہ رکھنے کی جانب سے ملازمت پر رکھا گیا ہو یا بااختیار بنایا گیا ہو؛

(g)''بیان کردہ'' سے مراد قواعد کے مطابق بیان کردہ؛

(h) ''قواعد'' سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد؛

(i)''سیکیورٹی انتظام'' سے مراد موثر طبّی اور فنی سیکیورٹی انتظام جیں شامل ہے کلوز سرکٹ ٹیلیویژن کیمرا، بائیو میٹرک سسٹم، واک تھرو گیٹس، سیکیورٹی الارم اور دیگر جدید گیجیٹرز کا لگانا اور بہتر طریقے کام کرنا؛اور

(j) ''کمزور اسٹیبلشمنٹس'' سے مراد عبادت کی جگہ یا کوئی دوسری مذہبی جگہ، سرکاری حساس دفتر، وفاقی حکومت غیر سرکاری تنظیم یا غیر ملکی پروجیکٹ، ہسپتال، بینک، منی چینجر، مالیاتی ادارہ، فرم یا کمپنی کا دفتر، صنعتی یونٹ، تعلیمی ادارہ، پبلک پارک، نجی کلینک، شادی ہال، پٹرول یا سی این جی اسٹیشن، جیولری، شاپ، ہوٹل، تفریح کے مرکز، پبلک ٹرانسپورٹ، ٹرمینل، اسپیشل بازار، کمرشل اسٹریٹ، دکان یا شاپنگ آرکیڈ جو اس ایکٹ کے تحت بیان کیا گیا ہو؛

سیکیورٹی ایڈوائیزری کمیٹی
Security

3. (1) ڈپٹی کمشنر ہر سب ڈویژن میں ایک ایڈوائیزری کمیٹی بنائیگا جو چیئرپرسن کے حیثیت

Advisory Committee

سے سب ڈویژنل پولیس آفیسر اور مندرجہ ذیل ممبران پر مبنی ہوگی۔

(a) بی ایس 16 یا زائد میں ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کا ایک نمائندہ؛

(b) بی ایس 16 یا زائد پولیس کے اسپیشل برانچ میں ایک عملدار؛

(c) بی ایس 16 یا زائد کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ کا ایک عملدار؛ اور

(d) تاجر، کاشتکار اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے تین نمائندے؛

(2) کمیٹی کے ممبر سوائے ایکس آفیشو ممبر کے ایک سال کی مدت کے لیئے عہدہ رکھے گا اور ایک مزید مدت کے لیے اہل ہوگا لیکن ڈپٹی کمشنر اسے دوبارہ مزید ایک مزیدت مدت کے لیئے نامزد کر سکتا ہے۔

(3) کمیٹی کا ممبر سوائے ایکس آفیشو ممبر ڈپٹی کمشنر کو استعفیٰ دے سکتا ہے اور ڈپٹی کمشنر اس کی جگہ پر بقایا مدت کے لیئے دوسرے ممبر کو نامزد کر سکتا ہے۔

(4) کمیٹی کا کام ایکٹ یا کاروائی کمیٹی میں کسی آسامی یا کمیٹی کی بناوٹ میں کسی نقص کے وجہ غیر موثر نہیں ہوگی۔

(5) کمیٹی ایک ماہ میں کم از کم ایک دفعہ میٹنگ کریگی ایسے وقت میں اور جگہ پر جو چیئرپرسن کی جانب سے طئے کیا گیا ہو۔

(6) کمیٹی اپنی میٹنگ میں کام کاج کے لین دین اس طرح کریگی یا دوسری صورت میں جیسے بیان کیا گیا ہو یا لیکن جب تک اس طرح بیان کیا جائے، تب چیئرمین طئے کریں۔

کمیٹی کے کام

Functions Of The Committee

4. (1) کمیٹی کریگی:

(a) اسٹیبلشمنٹ کی شناخت کریگی اور کمزور اسٹیبلشمنٹس کی حیثیت سے نوٹی فکیشن میں تجویز کریگی؛

(b)سہ ماہی کے بنیاد پر کمزورا سٹیبلشمنٹس کی جانچ پڑتال کرنا؛

(c)کمزورا سٹیبلشمنٹ کے میجر کوایسی سیکیورٹی انتظامات کو تحریری مشورہ دینا جیسے ضروری سمجھے، ایسے خطرات کو تاثر کے بنیاد پر،ا سٹیبلشمنٹس کے نیکال پر وسائل اور دیگر منسلک فیکٹرز کی بنیاد پر؛ اور

(2) کمیٹی ایک ذیلی کمیٹی بناسکتی ہے اور ایسی سب کمیٹی کو کمزورا سٹیبلشمنٹس کی سہ ماہی جانچ پڑتال کا کام حوالے کرسکتی ہے۔

کمزورا سٹبلشمنٹس
Vulnerable Establishment

5. (1) کمیٹی شناخت کریگی اور ڈپٹی کمشنر کوا سٹیبلشمنٹ کو کمزورا سٹیبلشمنٹ کی حیثیت سے نوٹی فلیشن کے لیئے تجویز کریگی۔

(2) ڈپٹی کمشنر نوٹی فلیشن کے ذریعے کسی ا سٹیبلشمنٹس کو کمزورا سٹیبشلمنٹ کی حیثیت اعلان کرینگے اور کمزورا سٹیبلشمنٹس کی فہرست بنائینگے اور سالانہ کی بنیاد پر تازہ ترین فہرست جاری کرینگے۔

(3) ڈپٹی کمشنر نوٹی فلیشن کے ذریعے کمیٹی کی سفارش پر یا دوسری صورت میں، کمزور اسٹیبلشمنٹ کو کمزورا سٹیبلشمنٹس کی فہرست میں سے جاری کرسکتی ہے۔

(4)ڈپٹی کمزورا سٹیبلشمنٹس کی فہرست کی نقل اور نظرثانی شدہ فہرست حکومت، ضلع پولیس کے سربراہ اور ضلع میں تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو فراہم کرینگے۔

کمیٹی کی جانب سے مشورہ
Advice By The Committee.

6. (1) کمیٹی ایسے کسی ا سٹیبلشمنٹس کی مینجر کو سیکیورٹی انتظامات کے لیئے مشورہ دے گی اور مینجر کمیٹی کے مشورہ پر ایسے موزوں وقت کے دوراں ضروری سیکیورٹی انتظام کرینگے، جیسے کمیٹی طئے کرے۔

(2)ذیلی دفعہ (3) کے تحت کمیٹی اپنے مشورے پر سالانہ نظرثانی کریگی اور اگر ضروری

ہو نظر ثانی شدہ مشورے پر ایسے وقت کے اندر عمل کرینگے جیسے کمیٹی طۓ کریں۔

(3) کمیٹی، اگر حالات ایسے ہو کمزور اسٹیبلشمنٹ کے مینجر کے سال مکمل ہونے سے پہلے نظر ثانی شدہ کے لیئے مشورہ دے سکتی ہے اور مینجر ایسے مشورہ پر ایسے وقت کے دوراں عمل کرینگے جیسے کمیٹی طۓ کریں۔

کمزورا سٹیبلشمنٹس کی سیکیورٹی
Security Of Vulnerable Establishment.

7. کمزور، اسٹیبلشمنٹ کا مینجر کمزور اسٹیبلشمنٹ کے تحفظ کے لیئے مناسب اور کافی سیکیورٹی انتظامات کرلے گا اور کمیٹی کے مشورے پر مشورے میں مندرجہ وقت کے اندر عمل کرے گا۔

عوامی مقامات پر سیکیورٹی
Security Of Public Places

8. مکانی حکومت یا کوئی مقامی اختیاری روڈز پر صفائی کو یقینی بنائینگی، محلے کے ملبے یا تعمیراتی سامان سے صاف کریگی، روزانہ کی بنیاد پر کچرے کی جگہ مقرر کریگی، مین ہولز کو بند کروائے جائینگے اور ٹوٹے ہوئے واٹر سپلائی کو ہٹائینگی، تاکہ اس جگہ پر دھماکیدار مواد چھپایا نہیں جائے۔

اسٹیشن ہائوس آفیسر کی جانب سے جانچ پڑتال
Inspection By Station House Officer.

9. اسٹیشن ہائوس آفیسر کسی بھی وقت کمزور اسٹبلشمنٹ کی جانچ پڑتال کر سکتا ہے اور اپنی رپورٹ ضلعے پولیس کے سربراہ کو آگاہی سے کمیٹی کے چیئرپرسن کو جمع کرا سکتا ہے۔

وارننگ
Warning

10. (1) اگر کمیٹی مطمئن ہے کسی ذریعے سے حاصل کردہ معلومات کی بنیاد پر یا ذیلی کمیٹی یا

اسٹیشن ہاؤس آفیسر کی جانچ رپورٹ میں سے کمیٹی کے مشورے کے مطابق کمزور اسٹیبلشمنٹ کے مینجر کو اس مشورے کی خلاف ورزی کرنے پر تحریری وارننگ جاری کر سکتی ہے۔

(2) کمزور اسٹیبشلمنٹ کا مینجر ایسی وارننگ کے لیٹر میں مندرجہ ایسے وقت کے اندر کمیٹی کے مشورے پر عملدرآمد کرے گا۔

کمزور اسٹیبلشمنٹس کی سیلنگ
Sealing Of The Vulnerable Establishment.

11.(1) اگر کمزور اسٹیبلشمنٹ کا مینجر کمیٹی کے مشورے پر دیئے گئے وقت کے اندر عملدرآمد کرنے میں ناکام ہوتا ہے کہ کمیٹی کے کمزور اسٹبشلمنٹ کی مکمل یا عارضی سیلنگ کی ہدایت کر سکتا ہے یا اس کی آپریشنز کے مشورے پر مکمل طور عملدرآمد اور مطمئن کرنے والے سیکیورٹی انتظامات ہونے تک ملتوی کر سکتی ہے یا مینجر تحریری حلف لے کہ وہ ایسی مزید مدت کے اندر ایسا کرے گا جیسے کمیٹی اجازت دے۔

(2) اسٹیشن ہائوس آفیسر اس دفعہ کے تحت کمیٹی کی ہدایت پر عملدرآمد کرے گا اور ایسے مقصد کے لیئے ایسی طاقت کا استعمال کرے گا، جو ضروری ہو۔

اپیل
Appeal

12.(1) کمزور اسٹبشلمنٹ کا مینجر مشورہ، وارننگ یا سیلنگ یا کمزور اسٹبلشمنٹ کی آپریشنز کے ملتوی کرنے کی ہدایت ملنے کے تین دن کے اندر مشورہ، وارننگ یا سیلنگ یا آپریشنز کے ملتوی کرنے کی ہدایت کے خلاف منسلک ڈپٹی اسپیکر جنرل آف پولیس کو اپیل کر سکتا ہے۔

(2) ڈپٹی اسپیکر جنرل آف پولیس درخواست کرنے والے اور کمیٹی کے نمائندے کو ذاتی حیثیت سے سننے کا موقعہ دینے کے بعد ایسا حکم جاری کر سکتا ہے، جو وہ ضروری سمجھے ایسا حکم حتمی ہوگا۔

(3) ڈپٹی اسپیکر جنرل آف پولیس جتنا جلد ہو سکے اپیل کو نیکال کرینگے لیکن سات دن سے

زائد وقت نہ لینے اور فیصلے کے متعلق فی الفور درخواست گذار اور کمیٹی کو آگاہ کرینگے۔

(4) کمزور اسٹبشلمنٹ کا ڈائریکٹر کمیٹی کے مشورے میں ایسے وقت کے اندر عملدرآمد کرینگے جو ڈپٹی اسپیکر جنرل آف پاکستان کی جانب سے دیا گیا ہو۔

گواہی فراہم کرنے کئے لیئے مینجر
Manager to Provide Evidence

13. کمزور اسٹبلشمنٹ کا مینجر جرم کی ایسی گواہی پولیس یا کسی دوسری جانچ ایجنسی کو فراہم کرینگے جو اس کمزور اسٹبشلمنٹ کی سیکیورٹی انتظامات کے ذریعے حاصل کی جائے۔

جرمانہ
Penalty

14. اگر کوئی شخص جان بوجھ دفعہ ۱۰ کی گنجائش کی خلاف ورزی کرتا ہے یا دفعہ ۱۱ اور ۱۲ کے تحت جاری کردہ ہدایت پر عملدرآمد کرنے میں ناکام ہوتا ہے یا دفعہ ۱۳ کے تحت جانچ ایجنسی کو گواہی دینے میں ناکام ہوتا ہے کہ وہ قید کی سزا کے قابل ہوگا جو چھ ماہ تک بڑھ سکتی ہے اور جرمانہ جو پینتالیس ہزار روپے سے کم نہیں ہوگا۔

ازالہ اور سمری ٹرائل
Cognizance And Summary Trial

15.(1) یہ اس ایکٹ کے تحت جرم قابل ازالہ یا قابل ضمانت نہیں ہوگا۔

(2) جڈیشل ماجسٹریٹ اس ایکٹ کے تحت جرم کی شنوائی سمری ٹرائلز سے منسلک کوڈ کے باب XXII کی گنجائش کے تحت کرینگے۔

دائرہ اختیار پر پابندی
Bar Of Jurisdiction

16. کوئی مقدمہ کیس یا دوسرا کوئی قانونی کاروائی کمیٹی یا کمیٹی کی ہدایت پر کام کرنے والا دوسرا کوئی شخص یا حکومت کے خلاف نہیں کی جائیگی کسی بھی کام کی وجہ سے جو اچھی نیت سے کیا

گیاہو یااس ایکٹ کے تحت کرنے کاارادہ کیا گیاہو۔

دیگر قوانین کے اضافی
In Addition to laws

17. اس ایکٹ کی گنجائشیں اضافی ہو گی اور وقتی طور لاگو کسی دوسرے قوانین سے تضاد میں نہیں ہوں گی۔

قواعد بنانے کے اختیار
Power To Make Rules.

18. حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کے مقصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

زیر اثر اثرات
Over-Riding Effect.

19. اس ایکٹ کی گنجائشوں کو اوور رائیڈ نگ افیکٹ حاصل ہو گا جب تک کچھ وقتی طور لاگو کسی دوسرے قانون کے متضاد نہ ہو۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**